Dr. Tony Stone
Chief of Staff

Cynthia Davis
President and CEO

Lakeridge Health

مئی 2021

عزیزم احباب و ہمسایہ گان

Lakeridge Health کی مستقل حمایت اور COVID-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے آپ کی کوششوں کا شکریہ۔ اپنی برادری اور صحت کی دیکھ بھال کے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرنے سے ہم بیماری کے جھکاؤ کو کم کر رہے ہیں۔ **ہماری اجتماعی کوششوں رنگ لا رہی ہیں۔**

یہ باہمی تعاون اس بات کی ایک عمدہ مثال ہے کہ ہم بحیثیت ایک برادری کیسے ایک خواب (ایک نظام , بہترین صحت) *One System. Best Health* کو جی رہے ہیں۔ ہم صحت کی دیکھ بھال کرنے والے ان تمام لوگوں کا مخلصانہ شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں جو ایک صحت مند برادری کے تحفظ اور فروغ کے لئے ہمارے ساتھ مل کر کام کرتے رہتے ہیں۔

جیسا کہ آپ واقف ہیں ، مختلف قسم کے خدشات اس وبائی مرض کی تیسری اور انتہائی جارحانہ لہر کا باعث بنے۔ تاہم ، گو کہ وسط اپریل کے بعد سے تصدیق شدہ کیسوں کی تعداد میں بتدریج کمی واقع ہوئی ہے ، COVID-19 کی وجہ سے ہسپتالوں میں داخل ہونے والے لوگوں ، اور ان لوگوں کی تعداد جو آئی سی یو میں داخل کرائے گئے ہیں ، اونٹیریو اور Durham Region میں **بہت زیادہ** ہے۔

اس تیسری لہر نے Lakeridge Health کو کچھ مشکل فیصلے کرنے پر مجبور کردیا۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہو گا کہ آئی سی یو اور ضروری دیکھ بھال والے بستروں کی تعداد بڑھانے کے ہمیں عارضی طور پر غیر ہنگامی سرجری اور ایمبیولٹری (سفری عارضی) خدمات کو روکنا پڑا تھا۔ ایسا کرکے ہم نے COVID-19 مریضوں کی فوری ضروریات کے علاج کے لیے جگہ اور عملے کو فارغ کیا ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ جیسے ہی ہم محفوظ طریقے سے یہ کام کرسکے ہم ان خدمات کو دوبارہ سے شروع کریں گے۔

Lakeridge Health جنوب مشرقی اونٹیریو کے اسپتالوں کے ایک علاقائی نیٹ ورک کا بھی حصہ ہے۔ پچھلے کئی ہفتوں کے دوران ہمارے اسپتال میں مریض آئے اور / یا دوسرے ہسپتالوں میں مریض منتقل کیے گیے تاکہ اس مشکل وقت کے دوران ہر مریض کی محفوظ اور اعلی ترین معیار کی دیکھ بھال کو یقینی بنایا جاسکے۔

ایک دوسرے کا خیال رکھنا

پچھلے کچھ مہینے Lakeridge Health سسٹم میں ہر ایک کے لئے دباؤ اور تھکاوٹ والے رہے ہیں۔ جس طرح ہماری ٹیم کے ممبران نے پیشہ ورانہ مہارت اور جر ات کے ساتھ غیر مثاوی دباؤ کا جواب دیا ہمیں اس پر بہت فخر ہے ۔ ہم نے یہ یقینی بنانے کے لئے بہت احتیاط برتی ہے کہ ہماری ٹیم کے لئے اضافی صحت اور تندرستی کی مدد دستیاب رہے ، نیز اپنے قیمتی متحدہ ماحول کے تحفظ اور تقویت کے لیے ہم نے اطلاع دہی اور آگہی کے پروگراموں میں اضافہ کیا ہے۔

ہم اپنی کمیونٹی میں سے آپ میں سے بہت سے لوگوں کی طرف سے حوصلہ افزائی اور تعاون کے متعدد پیغامات موصول ہونے پر بہت شکرگزار ہیں- سوشل میڈیا پوسٹس ، ای میلز ، ایڈیٹر کو

خطوط ، پینٹ شدہ پتھر ، بچوں کی طرف سے ڈرائنگ ، اور بہت کچھ ۔ ہماری ٹیم نے آپ کے ہر ایک مثبت جذبہ کو سراہا ہے۔ آپ کا شکریہ!

ویکسین کی تقسیم

ہمیں حوصلہ ملا ہے کہ آپ میں سے بہت سارے لوگ COVID-19 ویکسین وصول کرنے کا انتخاب کر رہے ہیں۔ کینیڈا کے رہائشی بہت خوش قسمت ہیں کہ ویکسین اب اتنے وسیع پیمانے پر دستیاب ہیں۔ COVID-19 کی ویکسین جاری صحت اور حفاظت کے طریقوں کے ساتھ مل کر ہمیں اس خوفناک وائرس کو سنبھالنے اور بالآخر شکست دینے کے لئے ایک بہترین راہ پیش کرتی ہے۔

Durham Region میں ویکسینیشن کلینک ، ہاٹ اسپاٹ کلینک ، موبائل کلینک ، کام کی جگہ پر ویکسینیشن کلینک ، اور فارمیسیوں میں 300،000 سے زیادہ ویکسین کی خوراکیں دی گئی ہیں۔ یقین رکھیں کہ جیسے ہی مزید ویکسین کی فراہمی ہوگی ، مزید اندراج کا آغاز ہوگا۔ براہ مہربانی پورے خطے میں ترجیحی آبادیوں اور اندراج کی سہولت کی دستیابی سے متعلق باقاعدگی سے اپ ڈیٹ کے لئے ویب سائٹ Durham Region website ملاحظہ کریں۔

مریض اور خاندان - اولین حل

اس وبائی مرض سے ہماری اس سوچ کو آگے بڑھانے میں مدد ملی ہے کہ کیسے اسپتال اور علاقے دونوں میں وسیع پیمانے پر وسائل سے فائدہ اٹھائیں اور اپنے کچھ انتہائی کمزور مریضوں کے لئے صحیح جگہ پر صحیح نگہداشت تلاش کریں۔ پچھلے کچھ سالوں میں اونٹیریو کے بہت سے اسپتالوں کی طرح Lakeridge Health نے اسپتال میں رہ جانے والے مریضوں میں نمایاں اضافہ دیکھا ہے حالانکہ انہیں اسپتال کی شدید نگہداشت کی ضرورت نہیں ہوتی ۔ ہم جانتے ہیں کہ اسپتال میں طویل قیام کا نتیجہ خاص طور پر کمزور بوڑھوں کے لئے غیر موافق اور خراب صحت ہوسکتا ہے۔

ہماری کلینیکل ٹیمیں ہر مریض کی ضروریات اور خواہشات کے لئے باہمی تعاون کی راہ اختیار کر رہی ہیں۔ وہ علاقائی شراکت داروں ، طویل مدتی نگہداشت کے گھروں ، اور گھرانوں اور نگہداشت فراہم کنندہ کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہیں تاکہ ایسے بہتر حل تلاش کیے جاسکیں جو مریضوں کو ان کے گھروں میں واپس منتقل ہونے یا ان کی ضروریات کے مطابق مثالی طور پر موزوں کسی دوسرے ماحول میں منتقل ہونے میں مدد فراہم کرسکیں۔

محفوظ رہیں اس اختتامی ہفتہ تعطیل میں

ہم سمجھ سکتے ہیں کہ گھر پر رہیں کے حالیہ صوبائی حکم کے نتیجے میں آپ میں سے بہت سے لوگوں کو مایوسی ہوئی ہے۔ لیکن موجودہ صحت کی دیکھ بھال کے وسائل اور ہمدردانہ نگہداشت فراہم کرنے کی ہماری صلاحیت کو مزید تحفظ فراہم کرنے کے لئے ، **محتاط رہنا** اور **صحت عامہ کے رہنما خطوط پر عمل** جاری رکھنا ضروری ہے - بالعموم ماسک پہنا ، ہاتھ کی صفائی ، جسمانی فاصلہ ، اور ابتدائی جانچ۔

بدقسمتی سے ، ہم نے پچھلے سال کے ایک نمونہ دیکھا ہے: بڑی چھٹی کے فورا بعد ہی نئے COVID-19 کے کیسوں میں اضافہ ہوا۔ لہذا ، جب ہم Victoria Day کی تعطیل کے اختتامی ہفتہ کی طرف بڑھتے ہیں تو ہم ایک بار پھر آپ کی مدد اور تعاون کے طلب گار ہیں۔

ایک ساتھ مل کر ہم اس چکر کو توڑ سکتے ہیں۔ اچھے اور بخیریت رہیں۔

اختتام پر ، آپ کے مسلسل صبر ، لگن ، اور صحتمند Durham Region کو فروغ دینے کے عزم کا ایک بار پھر شکریہ۔

Cynthia Davis
President and CEO

Dr. Tony Stone
Chief of Staff